ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

آر بی آئی2015-16/275

ڈی سی ایم (پی ایل جی) نمبر G-8/2331/10.27.00/2015-16

23دسمبر2015

دی چیئر مین/ منیجنگ ڈائریکٹر/چیف ایکزیکٹیو آفیسر

سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکس

پرائمری (شہری) کوآپریٹیو بینکس/ آرآر بی ز

محترم/محترمہ!

سبھی پرانی سیریز کے2005 سے پہلے کے جاری بینک نوٹوں کی واپسی

برائے مہربانی ہمارے 26 جون2015 کے سرکلر ڈی سی ایم (پی ایل جی) نمبر G-15/5488/10.27.00/2014-15 اور مندرجہ بالا مضمون پر ہماری مورخہ 25 جون2015 کی پریس ریلیز کا حوالہ لیں۔

2۔معاملہ پر نظر ثانی کرنے پر یہ طے کیا گیا ہے کہ 2005 سے پہلے کے جاری نوٹوں کو بدلنے کیلئے اس کی تاریخ میں 30 جون2016 تک توسیع کردی جائے۔ یہ سہولت صرف کچھ مخصوص بینک برانچوں پر (https://www.rbi.org.in/Scripts/Regionaloffices.aspx) اور ریزرو بینک کے اشو آفسوں میں موجود ہے۔ان ہدایات کو23دسمبر2015 کی پریس ریلیز میں شامل کیا گیا ہے۔(کاپی منسلک)

3۔آپ کو صلاح دیجاتی ہے کہ ایسے بینک نوٹوں کو بغیر کسی پریشانی کے تبدیل کرنے کی سہولت عوام کو دیں چاہے کچھ بھی ہو، ان نوٹوں کا لیگل ٹینڈر برقرار رہے گا۔

4۔مناسب ہدایات آپ اپنی مخصوص بینک برانچوں کو جاری کریں کہ عوام کو نوٹ تبدیل کرنے کی سہولت فراہم کریں اور2005 سے پہلے کی سیریز کے بینک نوٹوں کو عوام کو جاری کرنے سے روکیں۔اس معاملہ میں آپ برائے مہربانی ہمارے 3 مارچ2014 کے سرکلر کے ساتھ ایک لسٹ جس میں کیا کریں اور کیا نہ کریں کا حوالہ لیں۔ برائے مہربانی آپ یہ بھی یقینی بنائیں کہ ایسے نوٹوں کو اپنے اے ٹی ایم/ پبلک کاؤنٹرس سے جاری نہ کیا جائے۔2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو تبدیل کرنے میں اس طریقۂ کار کو اپنا نا ہوگا جو کہ ہمارے سرکلر ڈی سی ایم (پی ایل جی) نمبر G-17/3231/10.27.00/2013-14 مورخہ 23 جنوری2014 کے پیرا3 میں درج ہیں۔ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

5۔برائے مہربانی رسید سے مطلع کریں

آپکا مخلص

(اوما شنکر)

پرنسپل چیف جنرل منیجر

منسلک: 1شیٹ